## سوال

(259) جنات سے بچاؤ کیسے ممکن ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جنات کے بارے میں قرآن کی سورت (جن) میں ذکر ملتا ہے لیکن کیا جنات کی طاقت انسان سے زیادہ ہے اور ایک با عمل مسلمان جنات سے آخر کیونکر محفوظ رہ سکتا ہے۔ ان جنات کے علاوہ بلاؤں اور پریوں کو بہت سے لوگوں نے دیکھا ہے۔ ایک اور قسم کی مخلوق ہے جو کہ گہری نیند میں صرف اور صرف انسان کا گلہ اس طرح دباتی ہے کہ چیخ کی آواز بھی کوئی نہیں سن سکتا، کیا قرآن وسنت کی روشنی میں مندرجہ بالا مخلوق کے بارے میں کچھ کہا جاسکتا ہے؟ (منظور الہی ۔ راولپنڈی)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جنات وشیاطین کے شر سے بچنے کے لیے سورة البقرة پڑھنی چاہیے۔ دیکھئے صحیح مسلم ج (780) عربی نسخہ (1/539) صلوة المسافرین (ب29)

آیت الکرسی پڑھنا بھی ثابت ہے۔

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے : وقایة الانسان من الجن والشیطان للشیخ وحید عبدالسلام بالی اور الصارم البتار فی التصیدي للسحرة الاشرار (شہادت، جولائی 1999)

تنبیہ : اس کتاب کا اردو ترجمہ بھی ہوچکا ہے۔ اس سلسلے میں اس کا مطالعہ مفید رہے گا۔ (ان شاء اللہ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ علمیہ**

**جلد1۔ کتاب الدعاء۔ صفحہ485**

محدث فتویٰ